Civil Services (Main) Examination, 2026

**KVMS–U–URD**

# اردو (پرچہ—I)

## (ادب)

| کل مارکس : 250 | | مقررہ وقت : تین گھنٹے |
|---|---|---|

**سوالات سے متعلق خصوصی ہدایات**

**برائے مہربانی ذیل کی ہر ہدایت کو، جواب لکھنے سے پہلے توجہ سے پڑھ لیں**

اس پرچے میں آٹھ سوالات پوچھے جا رہے ہیں۔ ہر سوال دو حصوں میں تقسیم ہے۔

امیدوار کو کُل پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔

سوال نمبر **1** اور **5** لازمی ہیں اور باقی سوالات میں سے تین **(3)** کا جواب لکھنا ہے مگر ہر حصہ سے کم از کم ایک ایک سوال کرنا ضروری ہے۔

ہر سوال یا سوال کے حصہ کے نمبر اس کے سامنے درج کر دیے گئے ہیں۔

جواب ہر صورت میں اردو میں ہی لکھے جائیں گے۔

اگر کسی سوال کے جواب کے لیے الفاظ کی تعداد کی شرط لگا دی گئی تو اس کی پابندی لازمی ہے۔

سوالات کے جوابات کو ترتیب وار اہمیت دی جائے گی۔ شرط یہ ہے کہ کوئی جواب کاٹ کر مسترد نہ کر دیا گیا ہو، اگر کسی سوال کا کوئی حصہ بھی جواب کے لیے منتخب کیا گیا ہے تو اسے سوال کا جواب ہی تصور کیا جائے گا۔

اگر کسی صفحہ یا صفحے کے کسی حصے کو خالی چھوڑنا مقصود ہے تو اسے صفائی کے ساتھ کاٹ کر مسترد کرنا ضروری ہے۔

---

URDU

PAPER—I

( LITERATURE )

| Time Allowed : Three Hours | | Maximum Marks : 250 |
|---|---|---|

**QUESTION PAPER SPECIFIC INSTRUCTIONS**

**Please read each of the following instructions carefully before attempting questions**

There are EIGHT questions divided in two Sections.

Candidate has to attempt FIVE questions in all.

Question Nos. **1** and **5** are compulsory and out of the remaining, THREE are to be attempted choosing at least ONE question from each Section.

The number of marks carried by a question/part is indicated against it.

Answers must be written in URDU (Urdu script).

Word limit in questions, wherever specified, should be adhered to.

Attempts of questions shall be counted in sequential order. Unless struck off, attempt of a question shall be counted even if attempted partly.

Any page or portion of the page left blank in the Question-cum-Answer Booklet must be clearly struck off.

## SECTION—A

**1.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے : 10×5=50

(a) قدیم ہند آریائی زبانوں پر روشنی ڈالتے ہوئے سنسکرت اور پراکرت زبانوں کی اہمیت واضح کیجئے۔

(b) وسطی ہند آریائی زبانوں کی اہم خصوصیات تفصیل سے بحث کیجئے۔

(c) جدید ہند آریائی زبانوں کی صوتی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔

(d) اردو زبان کے لسانی خاندان کے بارے میں اپنی معلومات کا اظہار کیجئے۔

(e) اردو زبان کے ارتقا میں ہند آریائی زبانوں کا کیا کردار رہا ہے؟ بحث کیجئے۔

**2.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) کھڑی بولی اور اردو زبان کے باہمی لسانی تعلق کی تفصیل سے وضاحت کیجئے۔ 20

(b) اردو زبان کے آغاز سے متعلق مسعود حسین خاں کے نظریے کا جائزہ پیش کیجئے۔ 15

(c) اردو زبان کے ارتقا میں مغربی ہند کی دو اہم بولیوں ، برج بھاشا اور قنوجی کی اہمیت پر روشنی ڈالئے۔ 15

**3.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) دکنی اردو کے لسانی ، صرفی ، نحوی اور صوتی امتیازات مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔ 20

(b) نصرتی کی مثنوی ' علی نامہ ' کی لسانی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔ 15

(c) عادل شاہی دور میں دکنی اردو کی نمایاں لسانی خصوصیات مثالوں کے ساتھ بیان کیجئے۔ 15

4. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) تہذیبی نقطۂ نظر سے اردو زبان پر فارسی زبان کے اثرات کی نشاندہی کیجئے۔ 20

(b) اردو رسم الخط کی نمایاں خصوصیات کیا ہیں؟ مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔ 15

(c) اردو زبان کے صوتی نظام پر دیگر زبانوں کے اثرات کا جائزہ لیجئے۔ 15

## SECTION—B

5. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے۔ ہر سوال کا جواب تقریباً ایک سو پچاس (150) الفاظ پر مشتمل ہونا چاہئے۔ 10×5=50

(a) غزل کی شعریات کے اہم پہلوؤں کو مثالوں کے ساتھ وضاحت کیجئے۔

(b) داستان کے فن میں زبانی بیانیہ کی کارفرمائی سے بحث کیجئے۔

(c) شبلی کی سوانح نگاری کی امتیازی خصوصیات پر روشنی ڈالئے۔

(d) غالب کے اردو خطوط کی ادبی اہمیت کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کیجئے۔

(e) رباعی کے فنی امتیازات مثالوں کے ساتھ واضح کیجئے۔

6. درج ذیل سوالوں کے جواب لکھئے :

(a) کیا یہ درست ہے کہ ابتدائی اردو شاعری کے فروغ میں دکنی شعرا نے نمایاں کردار ادا کیا ہے؟ بحث کیجئے۔ 20

(b) لکھنؤ کے دبستان شاعری کی امتیازی خصوصیات سے بحث کیجئے اور مثالیں بھی پیش کیجئے۔ 15

(c) جدیدیت کے رجحان سے وابستہ اہم غزل گو شعرا سے اپنی واقفیت کا اظہار کیجئے۔ 15

**7.** درج ذیل سوالوں کے جواب لکھیے :

(a) ادبی تنقید کے بنیادی اصولوں کی نشاندہی کرتے ہوئے حالی کے تنقیدی خیالات سے بحث کیجیے۔ 20

(b) ' شعر العجم ' جلد چہارم کی روشنی میں شبلی کے تنقیدی نظریات کا جائزہ لیجیے۔ 15

(c) 'احتشام حسین کی تنقید نگاری' کے عنوان سے ایک مضمون تحریر کیجیے۔ 15

**8.** درج ذیل عنوانات پر مضمون لکھیے :

(a) عالمی سطح پر ماحولیات کے مسائل 20

(b) محمد حسین آزاد کی کتاب ' آبِ حیات ' کی ادبی اہمیت 15

(c) اردو صحافت کا موجودہ منظرنامہ 15

★★★